۲۰۶	〃	تاج توقیت	توقیت	ف	مبیضہ	اوقات خمسہ نماز و سحری و افطار نکالنے کے قواعد
۲۰۷	〃	راحت اغیان معروف بہ دفع زیغ زاغ	فقہ و مناظرہ رد گنگوہی	〃	مطبع اہلسنت و حنفیہ	کوے کی حرمت اور گنگوہی کا رد
۲۰۸	〃	اوفی اللمعہ فی اذان الجمعہ	فقہ	〃	مطبع حنفیہ	جمعہ کی اذان ثانی بیرون مسجد محاذی منبر ہونا سنت ہے
۲۰۹	〃	الجمل الدائرہ فی خطوط الدائرہ	ہندسہ	ف	مبیضہ	جیب ظل و سہم و تر و قاطع کے بیان اور طرق استخراج

[1] اس کا ایک جز مطبع حنفیہ پٹنہ میں چھپا ۱۲

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۱۰	۱۳۲۱	اصلاح النظیر	رد غیر مقلدین	ع	مبیضہ	مساجد اہلسنت میں غیر مقلدوں کے آنے پر جو نظیر مسجد ہو کی پیش کی جاتی ہے اس کا جواب۔
۲۱۱	"	انصح الحکومۃ فی فصل الخصومۃ	فقہ	ع	مبیضہ	ایک مقدمہ کا فیصلہ علوم کثیرہ پر مشتمل
۲۱۲	"	اکمل البحث علی اہل الحدث	رد غیر مقلدین	ع	مبیضہ	وہابیہ کو مساجد سے نکالنے کی بحث کہ اہل سنت کی طرف سے داخل کچہری ہوئی۔
۲۱۳	"	تجلیۃ المسلم فی مسائل من نصف العلم	فرائض	ف	مبیضہ	بعض مسائل فرائض کی تحقیق اور اوہام بعض ابنائے زمان کی اصلاح۔
۲۱۴	"	اعالی الافادہ فی تعزیۃ الہند وبیان الشہادہ	فقہ	ع	اکثر مطبوع تحفۃ المطابع	تعزیہ داری شہادت نامہ و مرثیہ خوانی کا بیان
۲۱۵	"	افقہ المجاد بعن حلف الطالب علی طلب المواثبہ	فقہ	ع	مبیضہ	شفیع اگر طلب شہادہ سے پہلے طلب مواثبہ کرنا بعض بیان کرے بے گواہوں کے مقبول نہ ہوگا۔
۲۱۶	"	اتیان الارواح لدیارہم بعد الرواح	فقہ و رد وہابیہ بالخصوص گنگوہی	ع	مبیضہ	روحوں کا بعد موت اپنے گھر آنا اور گنگوہی کا رد
۲۱۷	۱۳۳۲	اکد التحقیق بباب التعلیق	فقہ	ف ع	مبیضہ	ایک تعلیق طلاق کے مسئلے میں نفیس تحقیق
۲۱۸	"	جالب الجنان فی رسم احرف من القرآن	رسم خط	ع	مبیضہ	قرآن عظیم کے بعض کلمات کے رسم خط کی تحقیق
۲۱۹	"	جمع القرآن وبم عزوہ لعثمان	تاریخ	ع	مبیضہ	قرآن عظیم کیونکر جمع ہوا اور امیر المومنین عثمان کو عامۂ جامع القرآن کیوں کہتے ہیں۔
۲۲۰	"	دفع الباس علی جاحد الفاتحہ والفلق والناس	کلام و رد رفضہ	ع	مبیضہ و بعض مطبوع مطبع اہلسنت	جو سورۂ فاتحہ یا معوذتین کی قرآنیت کا منکر ہو کافر ہے
۲۲۱	"	اہلاک الوہابیین علی توہین قبور المسلمین	فقہ و رد وہابیہ بالخصوص گنگوہی	ع	مطبع اہلسنت بجا؟	مسلمانوں کی قبر پر چلنا بیٹھنا مکان بنانا منع ہے اور گنگوہی کا رد۔

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۲۲	۱۳۲۳	الاجازۃ الرضویہ لمبجل مکۃ البھیہ	حدیث	ع	مطبوع	علمائے مکہ کو حدیث کا اجازت نامہ کہ مصنف نے دیا
۲۲۳	"	الدولۃ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ	فضائل و ردو ہابیہ خصوصا تھانوی	ع	مبیضہ	علم غیب کا رسالہ جو مکہ معظمہ میں تصنیف ہوا
۲۲۴	"	قہر الدیان علی مرتد بقادیان	عقائد و رد قادیانی	ھ	مطبع اہلسنت	رد خباثات قادیانی۔
۲۲۵	"	ہدایۃ الجنان باحکام رمضان	فقہ	ھ	مبیضہ	سحری و افطار اور اوس کے اوقات و شب قدر وغیرہا مسائل متعلقہ رمضان کا بیان۔
۲۲۶	"	ہادی الناس فی اشیاء من رسوم الاعراس	فقہ و رد وہابیہ	ھ	مبیضہ	شادی کی بعض رسموں کے متعلق فتوی
۲۲۷	"	ستین و لوگارثم	ریاضی	ھ	مبیضہ	ستینی حساب اور لوگارثم بنانے اور جدول نکالنے کے طریقے۔
۲۲۸	"	البدور فی اوج المجذور	ارثماطیقی	ف	مبیضہ	مربع و مکعب وغیرہ قوتوں کے متعلق فائدے
۲۲۹	"	ما یجلی الاھر عن تحدید المصر	فقہ	ھ	مبیضہ	شہر کے کیا معنی ہیں جمعہ و عیدین کہاں کہاں جائز ہیں۔
۲۳۰	"	رد القضاۃ الی حکم الولاۃ	فقہ	ھ	مبیضہ	ریاستوں کے فیصلے جو بطور مرافعہ آئے اور اوس کے اغلاط ظاہر کئے گئے۔
۲۳۱	۱۳۲۴	حسام الحرمین علی منحر الکفر والمین	عقائد ردبابیہ کفار اعتقادیہ قادیانی و نانوتوی گنگوہی و تھانوی	ع	مطبع اہلسنت	قادیانی گنگوہی انبیٹھی نانوتوی تھانوی کے بارے میں حرمین شریفین کے فتوے
۲۳۲	"	خلاصہ فوائد فتاوے	"	ھ	"	فتوی مذکور کا خلاصہ مضامین
۲۳۳	"	الجود الحلو فی ارکان الوضو	فقہ	ھ	"	وضو میں چار فرض اعتقادی اور کتنے فرض عملی ہیں
۲۳۴	"	تنویر القندیل فی احکام المندیل	فقہ	"	"	بعد وضو و غسل رومال سے بدن پوچھنا۔

لہ یہ کتاب بہت جلیل تحقیقات مسائل قضاء و دعوی و شہادت ... [illegible] ... قضاۃ پر مشتمل ہے ... [illegible] ... اسلامی کو اسکی بہت ضرورت ہے ... [illegible] ... بہت اغلاط ... [illegible] ... فیصلہ ... [illegible] ... ۱۲ منہ

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۲۵	۱۳۲۴	الطراز المعلم فیما ہو حدث من احوال الدم	فقہ	ع م	مطبع اہلسنت	کیسے خون نکلنے سے وضو نہیں جاتا
۲۲۶	״	لمع الاحکام ان لا وضو من الزکام	فقہ	ع م	مطبع اہلسنت	زکام بہنے سے وضو میں خلل نہیں آتا
۲۲۷	״	ہدایۃ المتعال فی حد الاستقبال	فقہ	״	مبیضہ	سمت قبلہ کہاں تک پھرنے سے باقی رہتی ہے
۲۲۸	״	کشف العلۃ عن سمت القبلۃ	توقیت	״	مبیضہ	ہر شہر کے لئے ٹھیک سمت قبلہ نکالنے کا طریقہ
۲۲۹	״	الحق المجتلیٰ فی حکم المبتلیٰ	فقہ	״	مبیضہ	جذامی سے بھاگنے نہ بھاگنے کی تحقیق
۲۳۰	״	مسفر المطالع للتقویم والطالع	زیجات	ف	مبیضہ	الملک سے ستاروں کی تقویم اور وقت کا طالع نکالنے کے طریقے
۲۳۱	״	کفل الفقیہ الفاہم فی احکام قرطاس الدراہم	فقہ	ع	مطبع اہلسنت	نوٹ کے متعلق جملہ مسائل فقہیہ کے بیان میں جو رسالہ مکہ معظمہ میں تصنیف ہوا۔
۲۳۲	۱۳۲۵	نبہ القوم ان الوضوء من ای نوم	فقہ	ع م	״	کیسے سونے سے وضو نہیں جاتا۔
۲۳۳	״	مبین احکام و تصدیقات اعلام	عقائد و ردِ [illegible]		״	ترجمہ حسام الحرمین
۲۳۴	״	حدائق بخشش	نعت شریف	״	مطبع حنفیہ	منتخب دیوان نعت شریف
۲۳۵	״	ثلج الصدر لایمان القدر	عقائد و ردِ قدریہ و معتزلہ	״	״	مسئلہ تقدیر کا نفیس بیان
۲۳۶	״	الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیہ	عقائد و ردِ [illegible]	ع	مسودہ	الدولۃ المکیہ پر حضرت مصنف مدظلہ کا حاشیہ۔
۲۳۷	״	تیسیر الماعون للسکن فی الطاعون	فقہ	״	مطبع حنفیہ و مطبع لاہور	طاعون سے بھاگنا حرام ہے، اگرچہ شہر کا شہر میں۔
۲۳۸	״	السہم الشہابی علی خداع الوہابی	فقہ و ردِ غیر مقلد	״	مبیضہ	ایک غیر مقلد نے حنفی بچوں میں کتاب چھاپ کے پھیلائی اور اوسمیں مکر سے مسائل غیر مقلدی بھرے اسمیں اوس کا کشف مکر ہے۔

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۴۹	۱۳۲۵	الزاکی البہانی قوۃ الکواکب وضعفہا	تنجیم	ف	مبیضہ	زائچہ ولادت میں ستارہ کن کن وجوہ سے بزبان اہل تنجیم قوی یا ضعیف ہوتا ہے۔
۲۵۰	〃	حل المعادلات لمقوی المکعبات	جبر و مقابلہ	ف	ناتمام	جبر و مقابلہ کے مساوات درجۂ سوم پر نظر۔
۲۵۱	〃	کتاب الارثماطیقی	ارثماطیقی	ف	مبیضہ	اعمال اربعہ حسابیہ اور اون کے نتائج و باہمی نسبت کی اعلیٰ کنہ و حقیقت جو اسی رسالہ میں ملے گی۔
۲۵۲	〃	جادۃ الطلوع والممر للسیارۃ والنجوم والقمر	ہیأت	ع	مبیضہ	قمر و متحیرات و ثوابت کے طلوع و غروب و مرور نصف النہار کا وقت نکالنا۔
۲۵۳	۱۳۲[illegible]	تمہید ایمان بآیات قرآن	عقائد ورد وہابیہ دیوبندیہ نانوتوی گنگوہی تھانوی	〃	مطبع اہلسنت	شانِ رسالت میں ادنیٰ گستاخی کفر ہے اور گستاخانِ زمانہ کی تکفیر پر صرف آیات کا بیان
۲۵۴	〃	فقہ شہنشاہ وان القلوب بید المحبوب بعطاء اللہ۔	فقہ ورد وہابیہ	〃	زیر طبع	نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شہنشاہ کہنا اور یہ کہ لوگوں کے دل بحکم خدا سرکارِ غوثیت کے قبضہ میں ہیں۔
۲۵۵	〃	مغنی الحبر فی الصلوٰۃ بمقبرۃ او جنب قبر	فقہ ورد وہابیہ	〃	مبیضہ	قبر کے پاس یا مقبرہ میں نماز پڑھنے کی تحقیق۔
۲۵۶	〃	درء القبح عن درک وقت الصبح۔	توقیت	〃	مبیضہ	سحری کے وقت کی جلیل تحقیق اور یہ کہ اوسے مطلع رات کا ساتواں حصہ جاننا محض خطا ہے۔
۲۵۷	〃	بدر الانوار فی آداب الآثار	عقائد و فضائل ورد وہابیہ	〃	مبیضہ	تبرکات شریفہ کے متعلق احکام اور زیارت پر معاوضہ کا بیان
۲۵۸	〃	انباء الحی ان کلامہ المصون تبیان لکل شئ	تفسیر ورد وہابیہ	〃	مبیضہ	قرآن مجید میں تمام اشیائے عالم کا مفصل بیان ہے
۲۵۹	〃	دامان باغ سبحٰن السبوح	عقائد ورد امام وہابیہ اسمٰعیل دہلوی	〃	مطبع اہلسنت	امکان کذب میں خیالات امام الوہابیہ کا رد، شامل چابک لیث۔
۲۶۰	〃	المبین ختم النبیین	عقائد و تفسیر ورد وہابیہ دیوبندیہ نانوتوی	〃	مسودہ	خاتم النبیین میں لام کی تحقیق۔

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۶۱	۱۳۲۷	مقال عرفا باعزاز شرع وعلماء	عقائد و رد متصوفہ باطلہ	ﮪ	مطبع حنفیہ زیر طبع	جو طریقت کو شریعت سے جدا جانے وہ بددین ہے اہل طریقت علم و علماء کے محتاج ہیں۔
۲۶۲	"	الهادی الحاجب عن جنازة الغائب	فقہ و رد غیر مقلدین	ﮪ	مطبع اہلسنت	غائب کے جنازہ پر نماز جائز نہیں۔
۲۶۳	"	شمامة العنبر فی محل النداء بازاء المنبر	فقہ	ع	مبیضہ	اذان جمعہ بیرون مسجد محاذی منبر چاہیئے

وہ کتابیں جنکے نام تاریخی نہیں ان میں جس کا سال تالیف معلوم ہوا اوسکے مقابل لکھ دیا گیا

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۶۴	۱۲۹۵	الطرة الرضیة علی النیرة الوضیة	فقہ	ع	مطبع لکھنؤ	النیرة الوضیہ پر کہ مکہ معظمہ میں تصنیف ہوا تھا مصنف کا حاشیہ۔
۲۶۵	۱۲۹۶	قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام	فضائل و رد وہابیہ	ﮪ	مسودہ	سایۂ اقدس نہ ہونے میں کمال مفصل رسالہ
۲۶۶	۱۲۹۶	النجوم الثواقب فی تخریج احادیث الکواکب	حدیث	ع	مسودہ	فضائل علم میں رسالہ والد ماجد قدس سرہ کے احادیث کی تخریج۔
۲۶۷	۱۲۹۶ تا ۱۲۹۹	فصل القضاء فی رسم الافتاء	فقہ	ع	ناتمام	رسم مفتی کا جامع بیان اور کتب فقہ سمجھنے اور فتوی دینے کے طرق۔
۲۶۸		نور عینی فی الانتصار للامام العینی	شتی	ع	مسودہ	امام عینی کے ایک کلام پر حسن العوائد والے کے اعتراض کا دفع اور خود اسکی متعدد جہالتوں کا اظہار۔
۲۶۹		الجوهر الثمین فیما تنعقد به الیمین	فقہ	ع	ناتمام	کن کن چیزوں کی قسم شرعی قسم ہے۔
۲۷۰		الطراز المذهب فی التزویج بغیر الکفو ومخالف المذهب	فقہ	ع	ناتمام	غیر کفو و خلاف مذہب سے نکاح کے احکام
۲۷۱		مرتجی الاجابات لدعاء الاموات	شتی	ﮪ	ناتمام	کیا اموات بھی دعا کرتے اور انکی دعا قبول ہوتی ہے
۲۷۲		الروض البهیج فی آداب التخریج	حدیث	ع	مسودہ	حدیث کی تخریج میں عالم کو کس کس بات کا لحاظ درکار ہے۔

(۲۶۸ تا ۲۷۲ کے سال تصنیف کے خانے میں: یہ رسائل ان سنین کے اندر ہیں تعیین سال معلوم نہیں۔)

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۷۳	۱۲۹۹	نبقری حسان فی اجابۃ الاذان	فقہ	ع	مسودہ	اذان کا جواب بیا زبان سے واجب ہے یا قدم سے
۲۷۴	۱۳۰۰	شوارق[1] النسا فی حد المصر والفنا	فقہ	ع	مسودہ	مصر وفنائے مصر کی تعریف
۲۷۵	"	لمعۃ[1] الشمعہ لاشتراط المصر للجمعہ	فقہ ورد غیر مقلدین	ع	مسودہ	جمعہ کے لئے شہر شرط ہونے کا ثبوت
۲۷۶	"	احسن[1] الجلوہ فی تحقیق المیل والذراع والفرسخ والغلوہ۔	لغۃ الفقہ	ع	مبیضہ	میل و ذراع و فرسخ و غلوہ کی تحقیقِ مقادیر۔
۲۷۷	۱۳۰۴	ماقل وکفی من ادعیۃ المصطفے	اذکار	ہ	مبیضہ	صبح وشام واوقات خاصہ کی کارآمد دعائیں۔
۲۷۸	"	البدور الاجلہ فی امور الاہلہ	فقہ	ہ	مسودہ	تحقیق ہلال کے شرعی مسائل۔
۲۷۹	"	نور الادلہ للبدور الاجلہ	فقہ	ہ	مسودہ	رسالہ سابقہ کی شرح ہے۔
۲۸۰	"	رفع العلہ عن نور الادلہ	فقہ	ہ	مسودہ	اس شرح پر حاشیہ ہے۔
۲۸۱	۱۳۰۵	البحث الفاحص عن طرق احادیث الخصائص	حدیث	ع	مسودہ	حدیث خصائص قدس کے طرق والفاظ کی جمع حاوی
۲۸۲	"	اللؤلؤ المعقود لبیان حکم امراۃ المفقود	فقہ	ع	مبیضہ	مفقود کی عورت چار برس کے بعد نکاح نہیں کر سکتی
۲۸۳	۱۳۰۶	ذیل المدعی لاحسن الوعا	حدیث	ہ	مطبع اہلسنت	دعا کے آداب واوقات ومکانات واسباب اجابت کے بیان میں رسالہ حضرت والد ماجد قدس سرہ کا ذیل۔
۲۸۴	۱۳۰۷	ایذان الاجر فی اذان القبر	فقہ ورد وہابیہ	ہ	"	قبر پر اذان دینے کا جواز
۲۸۵	۱۳۱۰	فتوای کراماتِ غوثیہ	فضائل ورد گنگوہی تھانوی	ہ	مطبع بمبئی	ذکر بعض کرامات شریفہ ورد وہابیہ گنگوہ
۲۸۶	"	رعایۃ[2] المذہبین فی الدعاء بعد الخطبتین	فقہ ورد وہابیہ	ہ	"	دونوں خطبوں کے بیچ میں امام یا مقتدیوں کے دعا مانگنے کا بیان۔

۱؎ یہ تینوں رسائل سنہ ۱۳۰۰ھ میں رامپور میں جاتے رہے ۱۲ ۲؎ اس کا ایک حصہ چھپا ۱۲

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۲۸۷	۱۳۱۱	رشاقۃ الکلام فی حواشی اذاقۃ الاثام	فقہ ورد وہابیہ وگنگوہی	ہ	مطبع اہلسنت	دربارۂ مجلس میلاد شریف و قیام، رسالۂ والد ماجد پر حاشیہ
۲۸۸	۱۳۱۲	المقۃ الشمو لہدے شیعۃ الشنعہ	فقہ ورد روافض تفضیلیہ منتقصہ	ہ	مسودہ	تفضیلیہ وتفسیقیہ کے متعلق سات سوالونکا جواب
۲۸۹	〃	فتح المعلی بتحقیق معنی الخاطی والمخطی	لغت	ہ	مبیضہ	خاطی مخطی میں کیا فرق ہے۔
۲۹۰	۱۳۲۱	الثواقب الرضویہ علی الکواکب الدریہ	جفر	ع	مبیضہ	کواکب دریہ پر مصنف کے حواشی
۲۹۱	〃	الجداول الرضویہ للمسائل الجفریہ	جفر	ع	مبیضہ	علم جفر کے متعلق مصنف کی ایجادی جدولیں۔
۲۹۲	〃	الاجوبۃ الرضویہ للمسائل الجفریہ	جفر	ع	مبیضہ	سوالاتِ جفر سے مصنف کا جواب
۲۹۳	۱۳۱۹	جداول الریاضی	ریاضی	ع ف	مبیضہ	جداول میل وظلال وقواطع میول درج نامہ ومطالع استوائیہ ومطالع بالقبہ وبعرض بریلی تعدیل النہار ومطالع البروج واوقات وسطیہ تعدیل النہار وطلوع وغروب نجومی وتحویل سنینی بالعشری وبالعکس ہمہ استخراج خود مصنف۔
۲۹۴	۱۳۲۶	البیان شافیا لفونوغرافیا	فقہ	ہ	مبیضہ	فونوگراف سننے کے احکام
۲۹۵		الفوز بالآمال فی الاوفاق والاعمال	علم الوفق	ع ف	مبیضہ	اعمال ونقوش وتعویذات خاندانی وایجادی کا دریا
۲۹۶		جد الممتار من رد المحتار	فقہ	ع	مسودہ	رد المحتار پر حاشیہ
۲۹۷		العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ	فقہ	ع ف ہ	بعض مطبع اہلسنت واکثر مبیضہ	بارہ مجلد میں مصنف کے فتاوے کا مجموعہ
۲۹۸		البارقۃ الشارقۃ علی المارقۃ المشارقہ	رد وہابیہ	〃	مبیضہ	مجموعۂ فتاوای کثیرۂ مصنف در رد وہابیہ
۲۹۹		صنائع بدیعہ	ادب	〃	مبیضہ ومسودہ	دیوان صنائع وبدائع وتواریخ
۳۰۰		دیوان القصائد، سولہ قصیدوں حسب ذیل پر مشتمل	مناقب وفضائل		مطبوعہ ومبیضہ ومسودہ وناتمام	قصائد نعت ومنقبت کا مجموعہ۔

سلہ ابھی مسودہ چھپے میں ۱۲ سلہ یہ تینوں رسائل نہ چھاپے جائیں گے نہ ان کی نقل مل سکتی ہے جبتک اس علم کی اہلیت نہ ثابت ہو ۱۲ سلہ اسکی نقل خاص خلفا کو مل سکتی ہے ۱۲

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۱	۱۳۰۲	اکسیر اعظم	مناقب	ف	مبیضہ	قصیدۂ منقبت حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ عنہ
۲	۱۳۰۴	سلسلۃ الذہب نافیۃ الارب	مناقب و فضائل	ف	مطبع خوشحال بریلی	شجرۂ علیہ قادریہ منظومہ
۳	۱۳۰۵	ذریعہ قادریہ	مناقب	ھ	مطبع حیدرآباد و پٹنہ	نظم نعت و منقبت حضور غوث پاک
۴	۱۳۰۸	فضائل فاروق	مناقب و رد رافضہ	ھ	ناتمام	قصیدہ منقبت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ
۵	۱۳۰۹	نظم معطر	مناقب	ف	مطبع نادری بریلی	۶۰ رباعیات منقبت سرکار غوثیت رضی اللہ عنہ
۶	۱۳۱۵	مشرقستان قدس	مناقب	ھ	مطبع تحفۂ اہلسنت	قصیدۂ مدحیہ حضرت شاہ ابوالحسین احمد نوری قدس سرہ
۷	"	چراغ انس	مناقب	ھ	"	قصیدۂ مدحیہ تاج الفحول بدایونی قدس سرہ
۸	۱۳۲۱	وظیفۂ قادریہ	مناقب	ف	مطبع اہلسنت	قصیدۂ غوثیہ شریف کا نظم ترجمہ مع عرض مدعا
۹	۱۳۲۴	حضور جان نور	فضائل	ھ	مطبع اہلسنت و جماعت	حاضری روضۂ اقدس میں جو قصیدۂ مدیحہ طیبہ میں لکھکر روضۂ انور پر عرض کیا۔
۱۰		نعت و استعارات	"	ھ	ناتمام	نعت شریف کا رسالہ پُر مغز استعاروں اور علم بیان کی تشبیب پر مشتمل۔
۱۱		سلام دبیر	سیر و فضائل	ھ	ناتمام	بر ضمن سلام ولادت شریفہ سے وفات اقدس تک وقائع کا اجمالی بیان اور صحابہ و اہلبیت و ازواج و شجرۂ علیہ قادریہ کا بیان
۱۲		سراپا نور	فضائل	ھ	ناتمام	قصیدۂ نعت مبارک سارا مطلع نور پر مشتمل
۱۳		مناقب صدیقہ	مناقب	ھ	"	ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی منقبت
۱۴	۱۳۰۰	حمائد فضل رسول	"	ع	مطبع بدایوں	مولانا فضل رسول صاحب بدایونی رحمۃ اللہ کی مدح
۱۵	"	مدائح فضل رسول	"	ع	مبیضہ	ایضاً
۱۶		نذر گدا در تہنیت شادی اسرا	فضائل	ھ	مطبع اہلسنت	معراج اقدس کا بیان۔

تصنیفات اصحابِ قدسی احباب

۱۳۲۷ھ

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۳۰۱	۱۲۹۲	تنبیہ الجہال بالہام الباسط المتعال	کلام و رد وہابیہ تحذیر و نانوتوی و نذیر حسین	ھ	مطبع بہارستان کشمیر	چھ خاتم النبیین والوں کا رد
۳۰۲	"	جوابہای ترکی بترکی	"	ھ	"	ایضاً
۳۰۳	۱۲۹۹	سیف المصطفٰی علی ادیان الافتراء	رد وہابیہ مثل نذیر حسین وغیرہ	ھ	مبیضہ	وہابیہ کے پیشوا نقل عبارت میں کیا کیا خباثتیں کرتے ہیں
۳۰۴	۱۳۰۰	فتح خیبر	شتے	ھ	مطبع میرٹھ	مناظران تفضیلیہ کے فرار کا واقعہ
۳۰۵	"	الرائحۃ العنبریہ من المجمرۃ الحیدریہ	عقائد و رد تفضیلیہ و نواصب	ھ	"	مسئلہ تفضیل کا بیان اور تفضیل من جمیع الوجوہ کا بیان
۳۰۶	۱۳۰۳	الاسد الصئول علی اجتہاد الطرار الجہول	فقہ	ھ	مبیضہ	مسئلہ رضاعت میں ایک وہابی کا رد۔
۳۰۷	"	نشاط السکین علی حلق البقر السمین	رد وہابیہ	ھ	مبیضہ	مسئلہ فاتحہ و تقبیل ابہامین وغیرہ میں ایک فرید وہابی کا رد۔
۳۰۸	۱۳۰۴	الصمصام الحیدری علی حمق العیار المفتری	کلام و رد مفسقہ و تفضیلیہ	ھ	مبیضہ	تفضیلیہ و مفسقہ کا رد۔
۳۰۹	۱۳۰۵	الجرح الوالج فی بطن الخوارج	کلام و رد تفضیلیہ	ھ	مبیضہ	ایضاً
۳۱۰	"	صمصام حدیثیہ برگوئی بے قید عدو تقلید	رد غیر مقلدین	ھ	مبیضہ	رد غیر مقلدان
۳۱۱	۱۳۰۶	براءت نامہ انجمن اسلامیہ باس بریلی	فقہ	ھ	مطبع نظامی بریلی	متعلق کاروائی انجمن در بارۂ رویت ہلال
۳۱۲	۱۳۰۷	اخباریہ کی خبر گیری	عقائد و رد وہابیہ و گنگوہیہ	ھ	مطبع لکھنؤ و پٹنہ	مسئلہ امکان کذب باری میں دیوبندی تحریر کا رد
۳۱۳	"	نہایۃ النصرہ برد الاجوبۃ العشرہ	رد وہابیہ	ھ	مبیضہ	ایک وہابی کے دس مسائل کا رد۔
۳۱۴	۱۳۱۲	انتصار الہدی من شعوب الہوی	مناظرہ	ھ	مطبع اہلسنت	ختم تراویح میں ۱۱۴ بار بسم اللہ پکار کر پڑھنے والوں کا رد
۳۱۵	۱۳۱۳	سرگذشت و ماجرای ندوہ	تاریخ و رد ندوہ	ھ	مطبع نادری بریلی	ندوہ پر بریلی میں کیا گزری۔

شمار	سالِ تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۳۱۶	۱۳۱۳	اشتہارات خمسہ	رد ندوہ	ع	مطبع اہلسنت	رد ندوہ ۔
۳۱۷	"	غزوہ لہدم سماک دار الندوہ	رد ندوہ و نیچریاں	ع	"	خرافاتِ ندوہ کا رد
۳۱۸	"	ندوہ کا تیجہ رو داد سوم کا نتیجہ	رد ندوہ	ع	"	ندوہ کی تیسری رو داد کا رد ۔
۳۱۹	۱۳۱۵	الصارم الربانی علی اسراف القادیانی	عقائد و رد قادیانی	ع	مطبع حنفیہ	خیالات قادیانی کا رد
۳۲۰	"	شرح مقامہ مذاقیہ	ادب	ع	مطبع میرٹھ	ایک مدعی ادب کے جہالات عربیت کا رد
۳۲۱	"	بارش بہاری بر صدف بہاری	رد ندوہ	ع	مطبع اہلسنت	ایک ندوی تحریر کا رد
۳۲۲	"	سیوف العنوہ علی ذمائم الندوہ	رد ندوہ	ع	"	رد ندوہ
۳۲۳	۱۳۱۶	صمصام سنیت بگلوی نجدیت	مناظرہ و رد وہابیہ و اسمٰعیل دہلوی	ع	"	ایک وہابی نے کفریات دہلوی کے کچھ جواب دیے تھے اونکا رد ۔
۳۲۴	"	مشرقستان اقدس	ادب	ع	"	قصیدۂ مشرقستان قدس پر جاہلوں کے اعتراض کا رد
۳۲۵	"	عذاب دنی بر رد اَوْ اَدْنٰی	"	ع	"	اَوْ اَدْنٰی باسقاط الف دوم پر اعتراض کا رد
۳۲۶	"	اجتناب العمال عن فتاوی الجہال	فقہ و مناظرہ	ع	مطبع حنفیہ	قنوت نازلہ کا بیان اور ایک وہابی کا رد
۳۲۷	"	ہدم النصرانی والتقسیم الایمانی	فرائض و رد پادریاں	ع	"	بعض پادریوں نے تقسیم حصص فرائض پر اعتراض کیا تھا اوس کا رد ۔
۳۲۸	۱۳۱۸	آمال الابرار و آلام الاشرار	ادب و رد ندوہ	ع ف	"	قصیدۂ غرا در بارہ مجلس اہل سنت مقابل ندوہ
۳۲۹	"	سکین نورہ بر کاکل پریشان ندوہ	"	ع	"	ندوے کے ایک قصیدے پر اعتراضات
۳۳۰	"	سیف ولایتی بر واہم ولایتی	فقہ و مناظرہ	ع	مبیضہ	مسئلہ زرد شنی میں ایک معترض کا رد
۳۳۱	۱۳۲۰	البرق المخیب علی بقاع طبیب	اصول فقہ و مناظرہ	ع	مبیضہ	ایک غیر مقلد کے سادہ ملاحظہ کا پہلا رد

مضمون	کیفیت	زبان	فن	نام کتاب	سال تصنیف	شمار
تعدیل الایام کا بیان اور اوقات [illegible] میں اہل عصر کی غلطیوں پر تنبیہ۔	تحفۃ المطالع بریلی	ا ر	توقیت، رد گنگوہی وغیرہ	سر الاوقات	۱۳۳۰	۳۳۲
رد تحریر رکن ندوہ	مطبع اہلسنت	ا ر	رد ندوہ	صمصام القیوم علی تاج الندوۃ عبد القیوم	۱۳۳۱	۳۳۳
رسالہ ملاطفہ کا دوسرا رد	مسودہ	ع ا	اصول فقہ و مناظرہ	العطر الطیب لنبت شفۃ الطیب	،،	۳۳۴
رسالہ ملاطفہ کا تیسرا رد	،،	،،	،،	الآمۃ القاصفۃ لکفریات الملاطفۃ	،،	۳۳۵
رسالہ ملاطفہ کا چوتھا رد	،،	ع ا	،،	الجائفۃ علی تنافت الملاطفۃ	۱۳۳۲	۳۳۶
رسالہ ملاطفہ کا پانچواں رد	،،	،،	،،	سیاط المودب علی رقبۃ المستغرب	۱۳۳۳	۳۳۷
مسئلہ غیب میں سوالات اور تھانوی صاحب کا فرار	مطبع اہلسنت	ا ر	کلام و مناظرہ و رد وہابیہ گنگوہی و تھانوی	ظفر الدین الجید ملقب بہ بطش غیب	،،	۳۳۸
مسئلہ علم غیب میں رسالہ ابراز المکنون کا رد	مبیضہ	ع	فضائل و مناظرہ	ابرار المجنون عن انتہاک علم المکنون	،،	۳۳۹
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل محال ہونا وہابیہ کا رد	مطبع حنفیہ	ا ر	فقہ و رد وہابیہ اسمٰعیل دہلوی	مبین الہدی فی نفی امکان مثل المصطفی	۱۳۳۴	۳۴۰
علم غیب میں مولوی عین القضاۃ وغیرہ کے فتوی کا رد	مبیضہ	ا ر	فضائل و رد وہابیہ	ماحیۃ العیب بامکان الغیب	،،	۳۴۱
مسئلہ علم غیب میں التحقیق المجتبی کا رد	مبیضہ	ع	فضائل و مناظرہ	سبیل الہداۃ برد عین القضاۃ	۱۳۳۵	۳۴۲
مسئلہ علم غیب میں ازاحۃ العیب کا رد	،،	ع	،،	ازاحۃ جوائح الغیب عن ازاحۃ اہل العیب	۱۳۳۶	۳۴۳
مسئلہ علم غیب میں البیان الصائب کا رد	،،	ع	،،	الجلاء الکامل لعین قضاۃ الباطل	،،	۳۴۴
اللہ و رسول کی جناب میں تھانوی وہابیہ کا ابطال اور ثناء اللہ امرتسری کا رد بالغ بے مثال۔	جلد اول مطبع اہلسنت، جلد دوم مبیضہ	ا ر	کلام و رد وہابیہ و نانوتوی گنگوہی و تھانوی اسمٰعیل دہلوی	چابک لیث بر اہل حدیث	،،	۳۴۵
النہی العاجز پر بعض جہال کی زبان درازی کا رد۔	مسودہ	ا ر	فقہ و رد غیر مقلد	الرواث بر مطلع ذام النہی العاجز	،،	۳۴۶

سنہ ۱۳۳ دیکھو از بردجیات ۱۳ فتاویٰ صفحہ ۱۴۳ پر دیکھیں

شمار	سال تصنیف	نام کتاب	فن	زبان	کیفیت	مضمون
۳۴۷	۱۳۲۶	پردہ درامرتسری	ردآریہ و وہابیہ و نیچریہ	ھ	مطبع اہلسنت	ردآریہ و نیچریہ و امام الوہابیہ و سائر وہابیہ خصوصاً ثناء اللہ امرتسری اور وہابیہ کے ساتھ ترک اسلام کی جنگ زرگری۔
غیر تاریخی نام						
۳۴۸	از ۱۳۰۰ لغایت ۱۳۳۲	الاسئلۃ الفاضحۃ علی الطوائف الباطلۃ	مناظرہ و ردوہابیہ و ندوہ و غیر مقلدین و تفضیلیہ	ھ	مطبوعہ و مبیضہ	اس رسالہ میں وہ سوالات جمع کیے گئے ہیں جو وقتاً فوقتاً طوائف ضالہ وندویہ غیر مقلدین و دیوبندیہ سے کیے گئے اور وہ ان کے جواب سے آجتک عاجز رہے۔
۳۴۹	۱۳۱۹	سوالات علما وجوابات ندوۃ العلما	رد ندوہ	ھ	مطبع اہلسنت	خیالات ندوہ کا بے مثل وظریف رد
۳۵۰	۱۳۱۶	کیفر کفرآریہ	ردآریہ	ھ	مبیضہ	شیطنت آریہ کا رد

فہرست اون پچاس علوم وفنون کی جن میں تصانیف مذکورہ ہیں

۱ عقائد ۳۱	۲ کلام ۱۷	۳ تفسیر ۷	۴ تجوید ۳	۵ رسم خط قرآن مجید ۱	۶ حدیث ۱۱	۷ اصول حدیث ۲	۸ فضائل و مناقب ۳۱	۹ اذکار ۵	۱۰ ترغیب و ترہیب ۱
۱۱ سیر ۳	۱۲ فقہ ۱۵۰	۱۳ اصول فقہ ۹	۱۴ تصوف ۳	۱۵ سلوک ۲	۱۶ اخلاق ۲	۱۷ ادب ۶	۱۸ لغت ۲	۱۹ تاریخ ۳	۲۰ مناظرہ ۱۸
۲۱ تکسیر ۱	۲۲ علم الوفق ۱	۲۳ جفر ۳	۲۴ توقیت ۶	۲۵ ریاضی و ہندسہ ۲	۲۶ ہیئات ۳	۲۷ زیجات ۱	۲۸ حساب ۱	۲۹ ارثماطیقی ۳	۳۰ جبر و مقابلہ ۱
۳۱ تنجیم ۱	۳۲ رد ہنود ۱	۳۳ ردآریہ ۲	۳۴ رد نصاریٰ ۳	۳۵ رد نیچریہ ۷	۳۶ رد ندوہ ۱۷	۳۷ رد قادیانیہ ۶	۳۸ رد اسمٰعیل دہلوی ۱۰	۳۹ رد نانوتوی ۱۱	۴۰ رد گنگوہی ۲۵
۴۱ رد تھانوی ۹	۴۲ رد نذیر حسین ۶	۴۳ رد غیر مقلدین ۲۶	۴۴ رد وہابیہ ۷۶	۴۵ رد روافض ۳	۴۶ رد نواصب ۱	۴۷ رد مفسقہ ۷	۴۸ رد تفضیلیہ ۷	۴۹ رد متصوفہ باطلہ ۳	۵۰ شتی ۵
	مطبوع ۱۴۳	مبیضہ ۱۶۸	مسودہ ۵۴	ناتمام ۱۲	از انجملہ گم شد ۳	عربی ۱۰۰	فارسی ۲۷	اردو ۲۲۳	

امام اہل سنت اور اہل حیدر آباد دکن

عتیق اقبال ریسرچ اسکالر، عثمانیہ یونیورسٹی

امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی قدس سرہ کا شمار عالم اسلام کے ان علماء کرام میں ہوتا ہے، جن کے مقدر میں اللہ رب العزت نے دین متین کی ہر محاذ پر خدمت کا موقع فراہم کیا تھا۔ ایک محتاط تحقیق کے مطابق ساٹھ سے زائد علوم و فنون پر آپ کو کامل دسترس حاصل تھی۔ ان تمام علوم و فنون میں ایک ہزار سے زائد کتب اور تقریباً بارہ ہزار صفحات پر مشتمل بارہ جلدوں میں "فتاویٰ رضویہ" کے علاوہ اردو زبان میں "کنز الایمان فی ترجمۃ القرآن" آپ کی تبحر علمی کی سند ہے۔ چنانچہ آپ کے علمی تبحر کا اعتراف کرتے ہوئے مولانا کوثر نیازی مرحوم (کراچی) نے لکھا کہ:

"برصغیر میں یوں تو کئی جامع الصفات شخصیات گزری ہیں مگر جب ایک غیر جانبدار مبصر ان سب کا جائزہ لیتا ہے تو جیسی ہمہ جہت شخصیت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی کی نظر آتی ہے، ویسی کوئی دوسری نظر نہیں آتی۔ کون سا علم تھا---- جس پر انہیں دسترس نہ تھی---- تفسیر، حدیث، فقہ، ہندسہ، ریاضی، سائنس، فلسفہ، علم ہیئت، طبیعات، کیمیا، اقتصادیات، ارضیات، طب، جغرافیہ، تاریخ، سیاسیات، علم مناظرہ، منطق، جبر و مقابلہ، ادب، نحو، صرف علم معانی، علم بیان، علم بدائع، قرات و تجوید، تصوف، سلوک، لغت اور شاعری وغیرہ وغیرہ۔ ان کے سوانح نگاروں نے ساٹھ کے قریب علم گنوائے ہیں، جن میں انہیں مہارت تامہ حاصل تھی۔ وہ بیک وقت ایک عظیم ادیب بھی، خطیب بھی، مناظر بھی، متکلم بھی، محدث بھی، مفسر بھی، فقیہ بھی اور سیاست داں بھی تھے"۔

(بحوالہ "امام احمد رضا ایک ہمہ جہت شخصیت" از مولانا کوثر نیازی، مطبوعہ کراچی، ص ۴)

الغرض امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی کی ان خصوصیات نے انہیں دنیا جہاں کے اہل علم کا مرکز توجہ بنا دیا تھا۔ چنانچہ دارالافتاء بریلی میں جن مقامات سے ان کی خدمت میں استفسار آتے تھے، ان کی بابت ممتاز محقق پروفیسر محمد مسعود، پرنسپل ڈگری کالج (سندھ) رقم طراز ہیں:

(متحدہ) ہندوستان، برما، چین، امریکہ، افغانستان، افریقہ، حجاز مقدس اور بلاد

اسلامیہ سے بکثرت سوالات آتے تھے، جن کی تعداد ایک وقت کبھی چار سو اور کبھی پانچ سو تک جا پہنچتی تھی۔ فتویٰ نویسی کے یہ فرائض بغیر کسی ادنیٰ معاوضے کے للہیت و خلوص کے ساتھ انجام دیے جاتے تھے۔ چنانچہ "فتاویٰ رضویہ" جلد سوم میں ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

"بھائیو! میں اس کام پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا۔ میرا اجر تو سارے جہاں کے پروردگار پر ہے ---- اگر وہ چاہے"۔

امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کو فتاویٰ نویسی میں جو تبحر حاصل تھا، اس کا اعتراف مولانا ابوالحسن ندوی اپنے والد کی تصنیف "نزہتہ الخواطر" کے تکملہ میں ان الفاظ میں کیا:

"فقہ حنفی اور اس کی جزئیات پر (مولانا احمد رضا بریلوی) کو جو عبور حاصل ہے، اس کی نظیر شاید کہیں ملے اور اس دعویٰ پر ان کا مجموعہ فتاویٰ شاہد ہے"۔

("نزہتہ الخواطر" از علی میاں)

اس تمہید کا واحد مقصد یہ تھا کہ اس تبحر عالم دین سے دنیا جہان کے اہل علم جہاں اکتساب علم کا شرف حاصل کیے، وہاں اہل حیدر آباد کو بھی یہ شرف حاصل رہا ہے کہ ان سے اپنے شرعی مسائل کا حل طلب کیے۔ چنانچہ موضوع کی مناسبت سے یہاں "فتاویٰ رضویہ" سے چند فتاووں کے اقتباس کو ہدیہ قارئین کیا جاتا ہے جو اہل دکن نے امام اہل سنت موصوف کی خدمت میں ارسال کیے تھے۔

○ جامع مسجد حیدر آباد جو چار مینار کے دامن میں اپنا ایک تاریخی مقام اور منفرد طرز تعمیر کا ایک ریکارڈ رکھتی ہے۔ اس کی محراب پر سنگ سیاہ سے قرآن مجید کی آیت کندہ ہیں اور یہ قرآنی آیات کا پتھر چھت محراب سے فرش زمین تک دیوار پر نصب ہے۔ جب امام خطبہ دینے منبر پر قیام کرے تو یہ آیت قرآنی فرش زمین تک ہونے کی وجہ سے امام اس سے بلند ہو جاتا ہے۔ اس طرح کے محراب کی بابت مولانا معظم علی صاحب مرحوم (امام و خطیب مسجد ہذا) نے امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا خاں علیہ الرحمہ سے سوال کیا۔ آپ نے اس مسئلہ کے حل کی بابت جواب ارسال فرمایا کہ:

"دیواروں پر کتابت قرآن عظیم میں رجحان جانب ممانعت ہے اور اگر منبر پر کھڑے ہونے میں اس طرف امام کی پیٹھ ہوتی ہے تو ضرور خلاف ادب ہے اور اگر پاؤں اس عبارت سے بلند ہو رہے ہیں تو سوئے ادب ہے۔ ان حالات

میں اس کو سیمنٹ یا چونے یا کسی چیز سے بند کر دینے میں حرج نہیں رکھتا بلکہ بہ نیت ادب محمود ہے اور اگر نہ نیچے ہیں' نہ پیچھے' جب بھی اگر اس قول راجح کے لحاظ سے' یا اس لیے کہ محراب میں کوئی شے شاغل نظر نہ ہونی چاہیے' بند کرنے میں حرج معلوم نہیں ہوتا۔ **فان الامور بمقاصدہا و انما لکل امری مانوی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔** ("فتاویٰ رضویہ" جلد دہم' صفحہ ۷۳)

○ مولانا محمد اکبر علی صاحب علیہ الرحمہ' مدیر روزنامہ "صحیفہ" نے اخبار "صحیفہ" حیدر آباد دکن کے لیے مونوگرام کا نقشہ امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ کی خدمت میں ارسال کیا۔ اس مونوگرام کے اوپری حصہ میں تین درجوں میں انگریزی' چوتھے درجہ میں قرآنی آیات لکھی ہوئی تھی۔ دریافت فرمایا کہ اس طرح کا مونوگرام بنانا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ اس سوال کے جواب میں امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

"تعظیم قرآن عظیم ایمان مسلم ہے۔ اس کے لیے خاص آیت و حدیث (سے دلیل کی) کیا حاجت ہے' اس طرح آیت کریمہ کو اخبار یا کارڈ یا لفافوں پر چھپوانا بے ادبی کو مستلزم اور حرام ہے۔ چٹھی اور رسالے وغیرہ بے وضو' بلکہ کفار کے ہاتھ لگیں گے جو ہمیشہ جنب میں رہتے ہیں اور یہ حرام ہے۔ کیونکہ قرآن مجید میں حکم آتا ہے کہ قرآن کو بغیر وضو ہاتھ نہ لگاؤ۔ مہریں لگانے کے لیے زمین پر رکھے جائیں گے اور بعدہ ردی میں ڈال دیں گے۔ ان بے حرمتیوں پر آیت کا پیش کرنا حرام ہے۔ ع

کردم از عقل سوالے کہ بگو ایماں چیست
عقل در گوش دلم گفت کہ ایماں او ہست

ان خدشات کا ذکر آپ (یعنی مولانا اکبر علی صاحب) نے خود اپنے سوال میں بھی تحریر فرمایا ہے۔ سوال کا منشاء ہی اس کے جواب کو بس تھا کہ قلب کی حالت ایمان نے ان دونوں باتوں میں خدشہ جانا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ **الاثم ماحاک فی صدرک۔ واللہ تعالیٰ اعلم** ("فتاویٰ رضویہ" جلد دہم' نصف آخر' صفحہ ۱۹۵ - ۱۹۶)

○ مولانا غلام فضل بیابانی قاضی ورنگل (ڈیوڑھی نواب نصرت جنگ بہادر) سے امام احمد فاضل بریلوی کی خدمت میں مندرجہ ذیل سوال کیا کہ "حضرت سید احمد کبیر رفاعی رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کے اولاد صلبی تھی یا نہیں؟" مولانا کی تحقیقات میں جو بات ثابت ہو' اس سے بھی بحوالہ کتب ارسال فرمائیں۔ اس سوال کے جواب میں امام اہل سنت نے تحریر فرمایا کہ:

"حضرت سید احمد کبیر رفاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اولاد صلبی نہ تھی۔ حضرت کے بھانجے تھے۔ حوالہ کے لیے "وفیات الاعیان اور قلائد الجواہر" کی عربی عبارت پیش فرمائی۔ ملاحظہ ہو ("فتاویٰ رضویہ" جلد نہم' صفحہ ۱۰۲)

ان فتاووں کے علاوہ حضرت شیخ الاسلام مولانا محمد انوار اللہ فاروقی علیہ الرحمہ (بانی جامعہ نظامیہ حیدر آباد) سے' حضرت کو خط و کتابت کا ثبوت' مکتوبات امام احمد رضا (مولفہ مولانا محمود احمد فاروقی) سے ملتا ہے۔ جس میں شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد انوار اللہ فاروقی علیہ الرحمہ کے نام تین چار مکتوبات درج ہیں۔

مولانا مفتی عبدالحمید رحمتہ اللہ علیہ (سابق شیخ الجامعہ نظامیہ حیدر آباد' دکن) کے الفاظ بھی نوٹ کرنے کے لائق ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ:

"مولانا احمد رضا خاں صاحب سیف الاسلام اور مجاہد اعظم گزرے ہیں۔ اہل سنت و جماعت کے مسلک و عقائد کی حفاظت کا ایک مضبوط قلعہ تھے۔ آپ کا مسلمانوں پر احسان عظیم ہے کہ ان کے دلوں میں عظمت و احترام رسول کریم علیہ الصلوۃ والسلام اور اولیائے امت کے ساتھ وابستگی برقرار ہے۔ خود مخالفین پر بھی اس کا اچھا اثر پڑا اور ان کا گستاخانہ لب و لہجہ ایک حد تک درست ہوا۔ بجا طور پر آپ "امام اہل سنت و جماعت ہیں" آپ کی تصنیفات و تالیفات' علوم کا ایک بحر ذخار ہیں۔ (محمد یاسین اختر اعظمی "امام احمد رضا ارباب علم و دانش کی نظر میں" مطبوعہ الہ آباد' ۱۹۷۷ء)

علاوہ اس کے سلسلہ قادریہ کا حیدر آبادی مرکزی "قادری چمن" رہا ہے۔ مولانا حبیب عمر حسینی رحمتہ اللہ علیہ (متوفی ۱۳۳۰ھ) سے امام احمد رضا خاں علیہ الرحمہ بے حد عقیدت و محبت رکھتے تھے۔ چنانچہ دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف کی جلسہ دستار بندی میں شرکت کے لیے امام اہل سنت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ نے حضرت حبیب عمر حسینی صاحب کو ۱۳۲۷ھ میں دعوت دی اور آپ کی دعوت پر مولانا حبیب عمر حسینی صاحب علیہ الرحمہ بریلی شریف پہنچے تو امام احمد رضا معانقہ کے بعد دیر تک آپ کا ہاتھ اپنے قلب پر رکھ کر فرماتے رہے ع

اے گل ز تو خرسندم بوئے کے داری

اور کافی دیر تک "بوئے کے داری" کی تکرار کی' جس سے خود بھی بے خود ہوئے اور حاضرین مجلس کو بھی بے خود بنا دیا۔ واپسی کے وقت درد سر اور بخار ہونے کی وجہ سے اسٹیشن نہ پہنچنے کی بے حد معذرت کی۔ ۲۰ صفر المظفر ۱۳۳۰ھ بروز جمعہ حضرت مولانا حبیب محمد حسینی رحمتہ اللہ علیہ اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے۔ وصال کی اطلاع پر امام اہل سنت نے ایک طویل عربی قصیدہ حضرت علیہ الرحمہ کی شان میں تحریر فرمایا' جس کے مقطع میں مادہ تاریخ یہ رقم فرمائی:

محمد عمر الفاروق شفار

۱۳۳۰ھ

یہ ایک ایسا عنوان ہے' جس پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے۔ میرے یہاں "فتاویٰ رضویہ" کی تمام جلدیں نہیں ہیں۔ صرف جلد نہم اور دہم اور "تذکرہ علمائے اہل سنت" (مرتبہ مولانا محمود احمد قادری) اور مکتوبات امام احمد رضا سے یہ مختصر مضمون حسب خواہش برادرم سید خواجہ معزالدین اشرفی ہدیہ قارئین کیا گیا۔ راقم الحروف نے مولانا فرید پاشا قادری رحمتہ اللہ علیہ کو امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رحمتہ اللہ علیہ سے بے حد عقیدت و محبت کرنے والا پایا۔ آپ امام اہل سنت کے اشعار اور کارنامے اپنے وعظ اور گفتگو میں بیان فرماتے تھے۔ جلالت العلم علامہ رشید پاشا دامت برکاتہم آج بھی اپنے بڑے بھائی کی طرح اپنے وعظ و بیان میں امام اہل سنت کا ذکر فرماتے ہیں اور آپ کی تصانیف کے مطالعہ کی دعوت عوام الناس کو دیا کرتے ہیں۔ "امام احمد رضا اور اہل حیدر آباد" ایک ایسا موضوع ہے' جس پر ضخیم کتاب تحریر کی جا سکتی ہے۔